Studybeesofficial

*Where Minds Pollinate*

# Urdu Grammar

# حروف اور اس کی اقسام

**Follow Our Socials**

studybeesofficial
studybeesofficialpak
studybeesofficialpak

CamScanner

تاریخ: ______

# حروف

**حروف کی تعریف:** ایسا کلمہ جو کہ تنہا کوئی واضح معنی نہ دے بلکہ جملے کے آخر میں اس کا مطلب کو واضح کر دے حرف کہلاتا ہے۔

**حروف کی اقسام:-**

**1- حروفِ اضافی:** وہ حروف جو کہ دو اسموں کے درمیان تعلق پیدا کرے حروفِ اضافی کہلاتے ہیں۔ مثلاً کا، کی، کے

**2- حروفِ استفہام:** وہ حروف جو کہ سوال پوچھنے کے لیے استعمال ہوں حروفِ استفہام کہلاتے ہیں۔ مثلاً کیا، کون، کیوں

**3- حروفِ بیان:** وہ حروف جو کہ کسی وضاحت کے لیے استعمال ہوں حروفِ بیان کہلاتے ہیں مثلاً استاد نے کہا کہ کھڑے ہو جاؤ۔ اس میں کہ حروفِ بیان ہے۔

**4- حروفِ جار:** preposition وہ حروف جو کہ اسم کو فعل سے ملاتے ہوں حروفِ جار کہلاتا ہے مثلاً کتاب میز پر رکھ دو۔

studybeesofficial

CS CamScanner

تاریخ: ______

اسی طرح کو "سے" تک نے ساتھ وغیرہ حروفِ جار ہیں۔

(5) حروفِ شرط:- وہ حروف جو کسی شرط کے لیے استعمال ہوں حروفِ شرط کہلاتے ہیں مثلاً اگر محنت کرو گے تو کامیابی ملے گی۔ اگر، اگرچہ، جب، جب تک، تاوقتیکہ، جوں ہی حروفِ شرط ہیں۔

(6) حروفِ ندا:- وہ حروف جو کہ کسی کو پکارنے کے لیے استعمال ہوں حروفِ ندا کہلاتے ہیں مثلاً یا اللہ، اجی، اے، ارے وغیرہ حروفِ ندا ہیں۔

(7) حروفِ تاسف:- وہ حروف جو کسی غم یا افسوس کے اظہار کے لیے استعمال ہوں حروفِ تاسف کہلاتے ہیں مثلاً افسوس، حیف، ہائے، ہائے، اُف، ہائے ہائے، حروفِ تاسف ہیں۔

(8) حروفِ تشبیہ:- یہ حروف ایک چیز کو دوسری چیز کی طرح بتانے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ مثلاً مانند، مثل، طرح، سا، جیسا وغیرہ

(9) حروفِ تحسین یا انبساط (خوشی):- کسی کی تعریف یا خوشی کا اظہار کے لیے بولے جانے والے حروف کو حروفِ تحسین یا انبساط

studybeesofficial

CamScanner

تاریخ: ______

کہتے ہیں مثلاً سبحان اللہ، شاباش، واہ واہ، مرحبا وغیرہ۔

⑩ **حروفِ نفرین:** نفرت یا ملامت کے اظہار کے لیے استعمال ہونے والے حروف مثلاً تُف، لعنت، پھٹکار، ہزار لعنت وغیرہ

⑪ **حروفِ تردید:-** وہ حروف جو دو باتوں میں سے کسی ایک کو اختیار کرنے کے موقع پر استعمال کیے جائیں۔ مثلاً امیر ہو **یا** غریب، اچھا ہو یا برا، خواہ جاؤ خواہ کھیل لو، چاہے بیٹھ جاؤ چاہے کھڑے رہو۔

⑫ **حروفِ اضراب:-** وہ حروف جو کسی بات کو ترقی دے کر اعلیٰ کو ادنیٰ اور ادنیٰ کو اعلیٰ بنا دے اس موقع پر استعمال ہونے والے حروف کو حروفِ اضراب کہتے ہیں۔ **مثلاً** وہ انسان نہیں بلکہ حیوان ہے **بلکہ** حرفِ اضراب ہے

⑬ **حروفِ تنبیہ:-** وہ حروف جو خبردار کرنے اور ڈرانے کے لیے استعمال ہوں حروفِ تنبیہ کہلاتے ہیں۔ مثلاً خبردار، زنہار، دیکھنا، اللہ وغیرہ

studybeesofficial

CamScanner

تاریخ: ______

(14) حروفِ استعجاب: تعجب اور حیرانی کے موقع پر استعمال ہونے والے حروف کو حروفِ استعجاب کہتے ہیں۔ اللہ اللہ، اللہ اکبر، اوہو، وغیرہ۔

(15) حروفِ قسم: وہ حروف جو قسم کھانے کے لیے استعمال ہوں حروف قسم کہلاتے ہیں مثلاً واللہ، بہ خدا وغیرہ

(16) حروفِ عطف: وہ حروف جو دو الفاظ کو ملانے کے لیے استعمال ہوں حروف عطف کہلاتے ہیں۔ مثلاً و، اور وغیرہ۔

(17) حروفِ علت: کسی وجہ یا سبب کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہونے والے حروف علت کہلاتے ہیں کیونکہ، چونکہ، تاکہ، لہٰذا، اس لیے وغیرہ۔

(18) حروفِ تحسین: کسی خوشی یا کامیابی کے موقع پر استعمال ہونے والے حروف تحسین کہلاتے ہیں مثلاً مبارک باد، شاباش، بہت خوب۔

(19) حروفِ تمنا: کسی تمنا، آرزو اور خواہش کے موقع پر استعمال ہونے والے حروف حروفِ تمنا کہلاتے ہیں مثلاً کاش کہ، کاش، اے کاش۔

studybeesofficial

CamScanner